اعلیٰحضرت بریلوی رحمۃ اللہ علیہ
مولانا نسیم البستوی
مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ لاہور

حالات مجدد مائتہ حاضرہ امام اہلسنت

الشاہ احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

اعلیحضرت بریلوی

تالیف لطیف

حضرت مولینا محمد صابر القادری الرضوی النسیم البستوی دامت برکاتہ

مکتبہ نبویہ

گنج بخش روڈ — لاہور

نام ———— اعلیٰحضرت بریلوی
مولف ———— مولینا محمد صابر نسیم بستوی
موضوع ———— احوال گرامی مجدد اعظم
۱۳۷۹ھ
اشاعت اول ———— ۱۹۶۰ء مکتبہ امجدیہ۔ یوپی۔
اشاعت ثانی ———— ۱۹۷۶ء
کتابت ———— نوٹو آفسٹ
طابع ———— ندرت پرنٹرز۔ لاہور
ناشر ———— مکتبہ نبویہ۔ گنج بخش روڈ۔ لاہور
قیمت ———— ۷ روپے پچاس پیسے

فہرست مضامین

منقبت

درشان حضور پُرنور مرشد برحق شیخ الاسلام والمسلمین سیدنا
اعلیٰحضرت امام اہلسنت مجدد دین وملت رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ایھا البحر الغطمطم ایھا الحبر العلم
انت شیخ الکل فی الکل سیدی احمد رضا

انت مفضال کرام انت مقدام ہمام
رحلۃ قرم ہمام سیدی احمد رضا

انتسابی منک یکفینی لحسن الخاتمۃ
انت لی نور لقبری سیدی احمد رضا

انت ماوٰنا الفخیم انت ملجانا العظیم
انت مولٰنا الکریم سیدی احمد رضا

انت کنز لی لیومی انت ذخری فی غدی
انت غوثی انت غیثی سیدی احمد رضا

۷۸۶
۹۲

حرفِ اوّل

جو بدنصیب قوم اپنے دین ومذہب کے عظیم المرتبت رہنماؤں وجلیل القدر پیشواؤں کے اُصول اور اُن کے بتائے ہوئے مذہب وملت کے بیش بہا و گراں مایہ علمی جواہر پاروں اور ان کی بے پناہ جدوجہد وانتھک کوششوں کے ثمرات دین و دُنیا کے انمول موتیوں کو ضائع کر دے تو سمجھ لیجئے اس کی تباہی قریب ہے اور اس قوم کا مذہبی شعور مُردہ و ملی احساس زائل ہو چکا ہے اور اس نے اپنے عروج وترقی کی راہوں میں کانٹے بو دیئے ہیں جن پر سے گزرنا ہر شخص کا کام نہیں ——— !

تاریخ نگاری اور کسی کی سیرت وحالات زندگی پر قلم اُٹھانا نہایت دُشوار کام ہے اور اس صورت میں تو یہ کام اور بھی غور طلب وبہت کٹھن بن جاتا ہے جب مؤرخ صاحب حالات سے وابستہ ہو اور اُسے عقیدت ومحبت میں اپنا سب کچھ سمجھتا ہو کیونکہ ظاہر ہے کہ تاریخ نویس اپنے عظیم بزرگ ورہنما کی تاریخ ترتیب دیتے وقت اپنے دلی جذبات کو صفحۂ قرطاس پر بکھیرنے کی پوری پوری کوشش کرے گا اور اس کی دلی تمنا ہوگی کہ ساری دُنیا کے انسان اس کے محبوب رہبر کو اپنی آنکھوں میں بٹھائیں اور گوشۂ دل میں اس کے لئے جذبۂ عقیدت و احترام اپنی تمام رعنائیوں اور خوبیوں کے ساتھ موجزن ہو اور اس کی تحریر کے